RAMPUR GOVT. GAZETTE

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم کونسل ریاست رامپور

| جلد ۶ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۹ ربیع الاول ۱۳۱۲ھ مطابق ۱۰ ستمبر ۱۸۹۴ء | نمبر ۳۶ |
|---|---|---|

### فہرست مضامین



| نمبر شمار | نام مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| | روبکار حضور پرنور دام اقبالہم | |
| ۱ | بابت انسداد مرض ہیضہ — | ۱ و ۲ |
| | روبکارات صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر | |
| ۲ | بابت نزولات پختہ و قائم و صفائی حسابات — | ۲ |
| ۳ | تصحیح حکم بقدر منظوری خوراک ملازمان پولیس — | ۳ |
| ۴ | متعلق وقت کتب خانہ — | ۳ |
| | روبکارات صاحب ریونیو ممبر بہادر | |
| ۵ | تعین تاریخ ۱۹ ستمبر براے نیلام دیہات — | ۳ |
| ۶ | متعلق تخفیف خرچ و لگان دیہات جنمین بارش وغیرہ سے نقصان [illegible] | ۳ و ۴ |
| ۷ | اضافہ [illegible] رحیم خان و الفت رائی محرران [illegible] | ۵ |
| | احکام صاحب ہوم و لیجسلیٹو ممبر بہادر | |
| ۸ | توجہ [illegible] مدرسہ [illegible] کیا گیا — | ۵ |
| ۹ | تقرر پنڈت کیشو ناتھ [illegible] — | ۵ |
| ۱۰ | روبکار کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل بلاسپور — | ضمیمہ |
| ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ | نقشہ بارش و نقشہ حیات و ممات و نقشہ نرخ غلہ اجناس | ایضاً |



روبکار اجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم پریزیڈنٹ ریاست رامپور — واقع یکم ستمبر ۱۸۹۴ء

مرض ہیضہ جو اس شہر مین کسیقدر شروع ہو چلا ہی ضرور ہے کہ قبل از شدت وباء اوسکے انسداد کا بندوبست کیا جاوے لہذا حسب مندرجۂ دفعات ذیل حکم ہوتا ہے کہ

**دفعہ ۱** جو جو ہدایات ڈاکٹر صاحب بہادر نے اس مرض کے انسداد کی نسبت لکھی ہین مناسب ہی کہ اوسکے پانسو کاپیان چھپوائی جائین اور ہر ایک محکمہ اور خاص و عام مین تقسیم اور شارع عام پر جابجا چسپان کرادیجائین —

**دفعہ ۲** چونکہ دفعات ۸ لغایت ۱۰ ہدایات صاحب سول سرجن بہادر کا تعلق سررشتہ صاحب موصوف سے بھی ہے لہذا اوسکا بندوبست بھی صاحب موصوف ہی فرمائیں گے۔

**دفعہ ۳** واسطے تعمیل دفعات ۱ و ۲ و ۳ و ۹ و ۱۱ و ۱۲ مندرجہ ہدایت ڈاکٹر صاحب بہادر روبکار ہذا کی ایک نقل خدمت مین صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرسل ہوکر لکھا جاوے کہ وہ اہلکاران پولیس کو تاکیداً ہدایت فرمادین کہ دفعات متذکرہ بالا مندرجہ ہدایت نامہ کی پوری پوری تعمیل کیجاوے اور نیز ایک ایک رجسٹر بھی جسکا ذکر دفعہ ۳ ہدایت نامہ مین ہے شہر کے ہر ایک تھانہ مین رکھا جاوے۔

**دفعہ ۴** دفعہ ۴ کی تعمیل متعلق گرد آور صفائی ہے وہ بذات خود اور نائب گرد آور و سپاہیان صفائی ہر گلی و کوچہ اور موقع مناسب پر جہان عفونت ہوگند کے جلوائین گے اور غلیظ پانی جو بعض گلی کوچون مین جمع ہوگا اوسکو خشک یا خارج کرنے کا انتظام کرین گے۔

**دفعہ ۵** جن جن فواکہ و بقولات وغیرہ کو نہ کھانے کی ہدایت دفعہ ۵ مین کی گئی ہے اونکے استعمال سے ہر شخص کو عملہ نگران ہدایت و ممانعت کرے اور گرد آور صفائی خیال رکھین کہ ایسی چیزین جنکا ذکر دفعہ ایک مین ہے کثرت سے بازار مین نہ آوین اور نیز گرد آور صفائی کی نگرانی مین ہے کہ باسی گوشت اور بیمار حیوانات کا گوشت شہر مین نہ بکنے پاوے اسکے خلاف عمل درآمد کی نسبت عملہ صفائی ذمہ دار و جوابدہ ہوگا۔

**دفعہ ۶** اسپتال کے واسطے جسکا ذکر دفعہ ۱۰ مین ہے کہاران ڈولی و تخت وغیرہ کی فراہمی کے بارہ مین تحصیلدار صاحب ملازمان شفاخانہ کو پوری پوری مدد دین گے اور جسقدر آدمیون کی ضرورت ہوگی بہم پہونچائین گے۔

**دفعہ ۷** پولیس یہ بھی نگرانی کرے گا کہ ایسے مرض مین جو مرے ہوے آدمی شہر کے اندر اور آبادیون اور سڑکون کے قریب ہرگز دفن نہ کیے جاوین بلکہ ان مدفونین دفن کیے جاوین جو ایسی مرض کے واسطے پہلے سے میونسپلٹی نے بیرون شہر تجویز کر دی ہین۔

**دفعہ ۸** گرد آور حفظان صحت تا حکم آیندہ شہر مین تعینات رہین گے اور دیکھین گے کہ ہدایات مندرجہ تحریر ڈاکٹر صاحب بہادر پر پورا پورا عملدرآمد ہوتا ہے یا نہین۔ وہ خود بھی اس طرف لوگون کو ترغیب دلائین گے اور اس کاروائی کی بابت روزانہ شام کے بعد صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کو زبانی رپورٹ کرتے رہین گے۔

سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہون اور روبکار ہذا کی نقل درج گزٹ کیجاوے۔

## روبکار اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع یکم ستمبر ۹۲ء

یہ ستمبر کا مہینہ حسابی سال کے ختم کا ہے نزدیک ہے خاتمہ سال حساب کا خیال و انتظام قبل سے افسران صیغہ جات کو کرنا ضروری ہے اس سال کا حساب قبل از ختم ماہ اسی مہینے مین بنایا جاوے۔

حکم ہوا کہ

حسب ضابطہ صیغہ جات وائس پریزیڈنٹی مین نقول روبکار مرسل ہون اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

## حکم اجلاس صاحب انسپکٹر جنرل پولیس بہادر

بمقدمہ تصحیح حکم ۲۱ اگست سنہ رواں

بمقدمہ منظوری خوراک ملازمان پولیس حسب تجویز جناب سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر پولیس

| یعنی | انسپکٹر | سب انسپکٹر | ہیڈ کانسٹبل | کانسٹبل |
|---|---|---|---|---|
| | عہ/ | ۱۰/ | ۶/ | ۳/ |

حکم ہوا کہ

اطلاع نقل صحت کے ساتھ حسب منشاء حکم احکام ضابطہ جاری کرین - یکم ستمبر سنہ ۱۸۹۴ء

## حکم صاحب اوّل سپرنٹنڈنٹ بہادر - واقع ۳ ستمبر سنہ ۱۸۹۴ء

کتبخانہ کا وقت آٹھ بجے شب تک اس غرض سے مقرر کیا گیا تھا کہ شائقین شب کو کتب بینی کیا کرین رپورٹ منصرم کتبخانہ سے واضح ہوا کہ اسوقت تک کوئی شخص آٹھ بجے شب کو کتب بینی کے لیے نہین آیا - اسوجہ سے مصارف روشنی فضول متصور ہوکر حسب درخواست منصرم کتبخانہ باتفاق رای ممبر صاحبان کونسل اب کتبخانہ کا وقت چھ بجے صبح سے چھ بجے شام تک مقرر کیا جاتا ہے

## روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۲۸ اگست سنہ ۱۸۹۴ء

واسطے نیلام دیہات خام تحصیل ... سنہ ۱۳۰۲ف تاریخ کا مقرر ہونا ضرور ہے لہذا -

حکم ہوا کہ

۱۹ ستمبر سنہ ۱۸۹۴ء روز چہارشنبہ وقت دس بجے بمقام مغیث خانہ پیش مکان کچہریات مقرر کیجاوے رسالدار صدر اور روبکاری پولیس صدر اور نائب سررشتہ صدر مطلع ہون تحصیلداران کو بھی اطلاع دیجاوے اور نقشہ دہ سالہ میعاد ایک ہفتہ بھیجدین اور روبکار ہذا درج گزٹ ہو -

## روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۴ ستمبر سنہ ۱۸۹۴ء

حسب منظوری کونسل حکم ذیل جاری کیا جاتا ہے حسب مشورہ مولوی منظر اللہ صاحب مؤلف قوانین - چونکہ بسبب طغیانی دریای کوسی اور رام گنگا وغیرہ کے بعض دیہات کی حالت خراب ہوتی جاتی ہے کسی گانون مین زمین بہت سی کٹ گئی اور کہین فصل ایستادہ سیلاب سے ماری گئی لہذا جن دیہات مین دریابرد یا سیلاب دریا سے نقصان عظیم پہونچا ہے اور جنکی فصل اور اراضیات مزروعہ صدمہ سیلاب سے واقعی خراب ہوگئی ہین اور کاشتکاران کی حالت ایسی خراب ہے کہ وہ لگان سال حال کو ادا کرنے سے عاجز ہین ایسے دیہات کی ایک فہرست تحصیلداران ایسے طریق پر جانچ کر مرتب کرین کہ بروقت شروع تحقیقات کے اون دیہات مین کمی بیشی نہو یہ فہرست مرتب ہوکر آجاوے تو اول کمیٹی تجویزہ کے سامنے پیش ہو جو خاص اس کام کے لیے مقرر کیجاتی ہے -

کمیٹی اوسپر غور کرنے کے بعد اونکی تحقیقات کی نسبت اپنی رای قائم کریگی اور بروقت تحقیقات پیداوار ربیع پر لحاظ ہوکر بعد

ملاحظہ موقع و حالات مستاجرین و کاشتکاران کے تخفیف جمع اور التواء کی تجویز مناسب منظوری اجلاس کونسل عالی مین ہوا کرینگی بالفعل نقشہ بنمونہ منسلکہ تحصیلات سے آجانا چاہیئے یہ نقشہ بطور سرسری انداز تخمینی ہوگا اس نقشے کے آنے کے بعد دیکھا جاویگا کہ کون کون گانون قابل تحقیقات ہین یہ نقشہ ۱۵ ستمبر تک آجانا چاہیئے ۲۰ ستمبر کو کمیٹی کا اجلاس منعقد کیا جاویگا کمیٹی مین جو صاحبان شریک ہونگے اونکے نام سے بعد مین اطلاع دیجاویگی نقل اس روبکار کی پاس تحصیلداران حضور تحصیل سوار و شاہ آباد و ٹانڈہ مرسل ہو اور ایک نقل واسطے اندراج گزٹ کی مطبع کو بھیجی جاوے۔

دستخط — دستخط — میر بہادر

## نمونہ نقشہ

| ۲۴ | ۲۳ | ۲۲ | ۲۱ | ۲۰ | ۱۹ | ۱۸ | ۱۷ | ۱۶ | ۱۵ | ۱۴ | ۱۳ | ۱۲ | ۱۱ | ۱۰ | ۹ | ۸ | ۷ | ۶ | ۵ | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رائے تحصیلدار | مقدار تقاوی جو مستاجر چاہتا [illegible] | عام حالت زمانہ یا [illegible] وغیرہ | حالت مستاجر خورد سال یا بیسنے یا مفلس | نقصان مکانات | تفصیل نقصان زراعت جو بوجہ سیلاب ہوا | | | | | | رقبہ | | | | | | | | نام فصل جس میں نقصان ہوا | تعداد جمع | نام مستاجر | نام موضع | نمبر شمار |
| | | | | | تخمینہ نقصان فصل زراعت | | | تعداد اراضی جسکی زراعت کو نقصان پہونچا | | | رقبہ مسقط و عمہ | | | | رقبہ بنجر و بستی | | | | | | | | |
| | | | | | کل | جناسی | نقدی | کل | اراضی بارانی | آبپاشی | میزان | ناممکن | قابل زراعت | مزروعہ | میزان | ناممکن | قابل زراعت | مزروعہ | | | | | |

## احکام اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

### اضافہ

بدر پیشی یادداشت بابو تلسی رام صاحب افسر آڈٹ لالہ شیو پرشاد محرر آڈٹ کا یکم ستمبر سنہ حال سے دو روپیہ ماہوار اضافہ تنخواہ کیا گیا۔ ۳ ستمبر ۱۹۲۳ء

### اضافہ

بدر پیشی یادداشت بابو تلسی رام افسر آڈٹ عبدالرحیم خان الفت رائی محرران سررشتہ آڈٹ کا بوجہ حسن انجام کار متعلقہ دو دو روپیہ ماہوار اضافہ تنخواہ یکم ستمبر سنہ حال سے عمل میں آیا۔ ۳ ستمبر ۱۹۲۳ء

### حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر متعلقہ روبکار صاحب ڈائرکٹر بہادر

انتظام جو مسٹر ملیبر صاحب بہادر نے کیا منظور ہوا ایک نقل برای اطلاع عام درج گزٹ ہو۔ ۳۰ اگست ۱۹۲۳ء عیسوی

### روبکار اجلاس صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتہ تعلیم واقعہ ۲۷ اگست ۱۹۲۳ء

شہر میں مرض تپ و لرزہ کی سخت شدت ہے کوئی گھر اور کوئی مکان ایسا نظر نہیں آتا کہ جس میں دو چار آدمی بیمار نہیں فیصدی اسی آدمی علی العموم بیمار ہیں اور اکثروں کی حالت بہت ردی ہے۔ اسکول انگریزی کا یہ حال ہے کہ باقی طلبا رہیں قریب نصف طلبہ کے حاضر ہوتے ہیں اور وہ بھی تندرست نہیں۔ ماسٹران اسکول قریب قریب کل کے بیمار ہیں لہذا بوجہ حالات مصرحہ بالا حسب تحریک بانی صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مدرسہ انگریزی تین ہفتہ کے واسطے بند کر دیا گیا اور ماسٹران اور طلبا مدرسہ کو تبدیل آب و ہوا کی اجازت دی گئی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا اطلاعاً خدمت میں صاحب جوڈیشل ممبر بہادر پیش ہو

### روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقعہ یکم ستمبر ۱۹۲۳ء عیسوی

اس اجلاس میں اکثر ضرورت حساب کاغذات انگریزی سے ترجمہ کی رہتی ہے اور اردو کاغذات کا ترجمہ بعض وقت انگریزی میں کرنا ہوتا ہے جس کے واسطے لائق آدمی چاہیے۔ ہمارے اجلاس میں کوئی لائق انگریزی دان نہیں ہے پنڈت کیشو ناتھ ماکن لکھنؤ کی لیاقت انگریزی اچھی ہے۔ لہذا حسب ایما حضور پرنور دام اقبالہم و مشورہ صاحب ریونیو ممبر بہادر پنڈت کیشو ناتھ بمشاہرہ چالیس روپیہ ماہوار آج کی تاریخ سے اس اجلاس میں نوکر رکھے گئے ہیں

حکم ہوا کہ

احکام حسب ضابطہ تقرر پنڈت کیشو ناتھ کے جاری ہوں اور پنڈت کیشو ناتھ کام اس اجلاس میں انجام دیویں۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

# حکم صاحب اسسٹنٹ پریزیڈنٹ بہادر

ملاحظہ ہوا درج گزٹ ہو - یکم ستمبر سنہ ۱۸۹۴ء

[illegible]

## روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل بلاسپور منعقدہ ۵ اگست سنہ ۱۸۹۴ء

سید علی حیدر صاحب تحصیلدار صدر نشین کمیٹی

منشی غلام رسول خانصاحب نائب تحصیلدار سکرٹری

### شرکا جلسہ ملازمین

احمد حسین خانصاحب - معشوق علی گرداور قانونگو - محمد رفیع محرر صفائی -

### شرکا جلسہ غیر ملازمین

لالہ مادہو رام صاحب ممبر - لالہ جوالا پرشاد صاحب ممبر - آخوندزادہ محمد عظیم خان ممبر -

| امور تصفیہ طلب | تجویزات کمیٹی |
|---|---|
| ۱ - رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صفائی کہ سے رام دیال برہمن نے پیش دروازہ خود کوڑا جمع رکہا ہے اوسکا اوٹہنا ضروری ہے - | بالاتفاق تجویز ہوا کہ خاکروب ٹہکانہ دار سے کوڑا اوٹہوا دیا جاوے اور ذریعہ محرر صفائی آیندہ کیواسطے ہدایت کیجاوے کہ وہان کوڑا نہ ڈالا جاوے - صاحب صدر نشین نے بہی اتفاق کیا - |
| ۲ - علی حسین آہنگر کے مکان کا پانی غلیظ موری سے باہر آ کر مین سڑک پر جاری ہوتا ہے جس سے آیندہ و روندگان کو تکلیف ہے اور بو متعفن رہتی ہے - کمیٹی آیندہ مین اسکی بابت تجویز بہی ہو چکی ہے کہ ناند گڑوا دیجاوے مگر کچہہ تعمیل نہین ہوئی - | بالاتفاق تجویز ہوا کہ سے علی حسین آہنگر کا صاحب سکرٹری کمیٹی جواب لین کہ اوسنے ناند کیون نہین گڑوائی اور وہ جواب کمیٹی آیندہ مین پیش ہو - صاحب صدر نشین بہی متفق ہوے - |
| ۳ - قصبہ بلاسپور کے اندر جو گندہ نالہ یعنی نکاسی آب آبادی ہے جسمین ہو کر قصبہ کا و نیز تالاب متصل آبادی کا پانی بموسم برسات | بالاتفاق تجویز ہوا کہ یہ گندہ نالہ بعہد جنرل صاحب بہادر مرحوم مدار المہام کے کہدا تہا جسکو عرصہ تخمیناً چہہ سال کا ہوا اوس وقت سے |

| | |
|---|---|
| بھر جاتا ہے وہ انباشتہ ہوگیا ہے اور پانی نہیں نکلتا ہے جسکی وجہ سے پانی محلہ کماران مین جمع ہے اور مکانات انکی منہدم ہو گئے ہین اور نیز دیگر رعایا کو بھی سخت تکلیف ہے خصوصاً بستی کے باہر جو مدرسہ ہے وہ بھی اسی پانی کی وجہ سے جزیرہ ہو رہا ہے اور اکثر کم سن لڑکے پڑھنے کو نہین جاسکتے اور ہر وقت اندیشہ رہتا ہے ۔ | پھر صاف نہین ہوا اور رفتہ رفتہ وہ بالکل انباشت ہوگیا ہے اور پانی نہین نکلتا جس سے رعایا کو سخت تکلیف ہے اور اسکا صاف ہونا جلد بہت ضروری ہے ورنہ بہت سے مکانات غریب رعایا کے مسمار ہو جائینگے اسکی بابت رپورٹ مفصل مع تخمینہ بغرض منظوری محکمہ مجاز مین جلد بھیجدیجاوے ۔ صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی بتوجہ تمام قبول و منظور فرمایا ۔ |
| ۴ ۔ سید آگر گوشائین منڈی بلاسپور نے منڈی کا چبوترہ بجانب جنوب متصل غسلخانہ جامع مسجد اسقدر وسیع اور جدید بڑھا لیا ہے اور حال مین اتنے اونچے اینٹ و کنکر وغیرہ ڈالے ہین اور چبوترہ بنا رہا ہے کہ غسلخانہ کے نہانے والونکی بےپردگی ہوویگی اور امر جدید سے اکثر لوگ شاکی ہین اسکا بندوبست ہونا چاہئے ۔ | بالاتفاق تجویز ہوا کہ صاحب صدر نشین خود موقع کو ملاحظہ فرما کر جسقدر چبوترہ جدید تیار کر لیا ہے یا ہوتا ہے اسکو بالکل قطع کرادین ۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق و منظور کیا ۔ |
| ۵ ۔ چونکہ آجکل موسم بارش مین خاکروبان صفائی کچھ کام صفائی کا نہین کرتے لہذا انسے کچھ کام صفائی راستہ وغیرہ کا لینا چاہئے ۔ | بالاتفاق تجویز ہوا کہ گلیون اور راستون مین جہان کہین بارش کا پانی رکتا ہے یا جہان پر کیچڑ وغیرہ زیادہ ہو وہان پر خاکروبان ملازم صفائی صاف کر دیا کرین کہ پانی رککر نہ کیچڑ سے راستہ بند ہو ۔ |
| ۶ ۔ بندہ جو اطراف قصبہ کی اور گول جو بقیہ طرف آبادی کے بطور حد آبادی واقع ہے اوسپر اوران حدود کے اندر لوگ پاخانہ پھرتے ہین جو حفظ صحت کی بالکل خلاف ہے ۔ اسکا پورا بندوبست ہونا چاہئے ۔ | بالاتفاق تجویز ہوا کہ اول بآواز ڈھول منادی کرائی جاوے کہ کوئی شخص بندہ پر اور بندہ کے قریب رفع حاجت کیواسطے نہ بیٹھا کرے ۔ ورنہ بصورت خلاف ورزی تجویز مناسب عمل مین آویگی ۔ |

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

## نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۳ر لغایت ۹ر ستمبر ۱۸۹۴ء

| تاریخ و روز | شہر رامپور | | تحصیل سوار | | تحصیل بلاسپور | | تحصیل شاہ آباد | | تحصیل ملک | | ٹانڈہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | تعداد خط | اوزان | تعداد خط | اوزان | تعداد خط | اوزان | تعداد خط | اوزان | تعداد خط | اوزان | تعداد خط | اوزان |
| ۳ر ستمبر ۱۸۹۴ء روز دوشنبہ | ۰ | ۴۰۹ | ۰ | ۴۴۱ | ۰ | ۴۷۱ | ۳ | ۴۴۲ | ۰ | ۴۰۵ | ۰ | ۴۵۵ |
| ۴ر ستمبر روز سہ شنبہ | ۵۵ خط | ۴۱۴ | ۶۲ | ۵۰۳ | ۸۴ خط | ۵۱۹ | ۲ | ۴۴۴ | ۴۰ | ۴۴۵ | ۴۴ | ۴۹۹ |
| ۵ر ستمبر روز چہارشنبہ | ۳۰ خط | ۴۹۴ | ۴۶ | ۵۵۳ | ۲۰ خط | ۵۳۹ | ۰ | نقشہ نہیں آیا | ۱۰ | ۴۵۵ | ۲۰ | ۵۱۹ |
| ۶ر ستمبر روز پنجشنبہ | ۳ | ۴۹۷ | ۶ | ۵۵۸ | ۱۸ | ۵۵۷ | ۰ | ″ | ۳۷ | ۴۹۲ | ۰ | ۵۱۹ |
| ۷ر ستمبر روز جمعہ | - | ۴۹۷ | ۲ | ۵۶۰ | ۳ | ۵۶۰ | ۰ | ″ | ۸ | ۵۰۰ | ۰ | نقشہ نہیں آیا |
| ۸ر ستمبر روز شنبہ | ۰ | ۴۹۷ | ۰ | نقشہ نہیں آیا | ۰ | نقشہ نہیں آیا | ۰ | ″ | ۰ | نقشہ نہیں آیا | ۰ | ″ |
| ۹ر ستمبر روز یکشنبہ | ۰ | ۴۹۷ | ۰ | ″ | ۰ | ″ | ۰ | ″ | ۰ | ″ | ۰ | ″ |

## نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۴ر لغایت ۱۰ر ستمبر ۱۸۹۴ء

| پرگنہ | تفصیل پیدائش | | | | | تفصیل فوتی | | | | | | | | | | | | تفصیل امراض | | | | | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | مرد | | عورت | | میزان | تفصیل جنس | | ایک سال سے ۵ سال تک | | ۶ سال سے ۱۲ سال تک | | ۱۳ سال سے زیادہ | | میزان | | تفصیل مذہب | | | | | | | |
| | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | |
| شہر رامپور | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | نقشہ نہیں آیا |
| شاہ آباد | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ″ |
| ملک | ۱ | ۴۴ | ۴ | ۱۵ | ۶۴ | ۲۵ | ۳۹ | ۳ | ۳ | ۰ | ۰ | ۰ | ۶ | ۱۱ | ۹ | ۳ | ۱۷ | ۰ | ۰ | ۸ | ۱۲ | ۲۰ | ۰ |
| بلاسپور | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | نقشہ نہیں آیا |
| سوار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ″ |
| ٹانڈہ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | | ″ |
| میزان | ۱ | ۴۴ | ۴ | ۱۵ | ۶۴ | ۲۵ | ۳۹ | ۲ | ۳ | ۰ | ۰ | ۰ | ۶ | ۱۱ | ۹ | ۳ | ۱۷ | ۰ | ۰ | ۸ | ۱۲ | ۲۰ | ۰ |

# نقشہ نرخ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۴ لغایت ۲۰ ستمبر ۱۸۹۴ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | سوار | بلاسپور | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۰ | ۰ | ۱۱۵ ار | ۰ | ۰ | ۱۱۵ ار | حضور تحصیل و شاہ آباد و سوار و بلاسپور سے نرخ نہیں آیا۔ |
| نخود خالص | ۰ | ۰ | ۱۲۱ ار | ۰ | ۰ | ۰ | |
| نخود کسہ آمیز | ۰ | ۰ | ۰۲۰ ار | ۰ | ۰ | ۱۸ ار | ۰ |
| کسہ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ |
| ماش | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ |
| مونگ | ۰ | ۰ | ۰۱۳ ار | ۰ | ۰ | ۱۱۲ ار | ۰ |
| مکا | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ |
| جنی | ۰ | ۰ | ۱۲۵ ار | ۰ | ۰ | ۰۲۹ ار | ۰ |
| گوجنی | ۰ | ۰ | ۰۰۲۲ ار | ۰ | ۰ | ۱۱۹ ار | ۰ |
| عدس | ۰ | ۰ | ۲۰ ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ |
| ارہر | ۰ | ۰ | ۰۲۱ ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ |
| برنج | ۰ | ۰ | ۱۱ ار | ۰ | ۰ | ۱۰ ار | ۰ |
| روغن زرد | ۰ | ۰ | ۱ ار | ۰ | ۰ | ۱۱ ار | ۰ |
| روغن سیاہ | ۰ | ۰ | ۰۲ ار | ۰ | ۰ | ۲ ار | ۰ |
| روغن کنجد | ۰ | ۰ | ۲ ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ |
| نمک سانبھر | ۰ | ۰ | ۰۰۸ ار | ۰ | ۰ | ۸ ار | ۰ |
| نمک لاہوری | ۰ | ۰ | ۵ ار | ۰ | ۰ | ۷ ار | ۰ |
| قند سیاہ | ۰ | ۰ | ۷ ار | ۰ | ۰ | ۶ ار | ۰ |

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور